حکومت پنجاب کا ہونہار و مستحق طلباء و طالبات کی اعلیٰ تعلیم کے لئے سکالرشپ پروگرام

THE PUNJAB EDUCATIONAL ENDOWMENT FUND (PEEF)

سپیشل کوٹہ تعلیمی سکالرشپ برائے

انٹرمیڈیٹ و گریجوایشن

2022-23

اگر آپ نے میٹرک یا انٹرمیڈیٹ کا امتحان سال 2022 (سالانہ) میں پاس کیا ہے اور آپ کا تعلق درج ذیل کسی ایک کیٹیگری سے ہے تو آپ سپیشل کوٹہ تعلیمی سکالرشپ کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

- یتیم طلبہ (وہ طلباء و طالبات) جن کے والد وفات پا چکے ہیں
- گریڈ 4-1 (ایک تا چار) کے سرکاری ملازمین کے بچے
- اقلیتی مذاہب سے تعلق رکھنے والے طلباء و طالبات
- سپیشل (معذور) طلباء و طالبات
- دہشت گردانہ حملوں میں شہید ہونے والے سویلین کے بچے

اہلیت کی شرائط

1. بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (BISE) یا فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (FBISE) کے زیر انتظام منعقدہ امتحان 2022 (سالانہ) برائے میٹرک / انٹرمیڈیٹ میں کم از کم ساٹھ فیصد (60٪) نمبر حاصل کرنے والے طلباء و طالبات۔
   - صرف صوبہ پنجاب کی حدود میں واقع فیڈرل گورنمنٹ / پرائیویٹ رجسٹرڈ ادارہ کے طلباء و طالبات بھی درخواست دینے کے اہل ہیں۔
2. والدین کی کل ماہانہ آمدنی 35،000 روپے یا اس سے کم ہو۔
   - گریڈ 4-1 (ایک تا چار) کے سرکاری ملازمین کے بچے 35،000 روپے ماہانہ آمدنی (اگر آمدنی کا ذریعہ صرف تنخواہ ہے) کی شرط سے مستثنیٰ ہیں۔
   - دہشت گردانہ حملوں میں شہید ہونے والے سویلین کے بچے ماہانہ آمدنی کی شرط سے مستثنیٰ ہیں۔
3. سال 2022 میں کل وقتی (ریگولر) رجسٹرڈ تعلیمی ادارہ میں انٹرمیڈیٹ یا گریجوایشن میں داخلہ لینے کی ذمہ داری طالب علم کی ہے۔

درخواست دینے کا طریقہ کار

1. اہل طلباء و طالبات
   https://student.peef.org.pk/specialquotaRegistration/
   پر آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔
2. غلط معلومات فراہم کرنے یا نامکمل درخواست کی صورت میں درخواست مسترد کر دی جائے گی اور درخواست گزار کسی بھی کارروائی کا مجاز نہ ہو گا۔

آن لائن درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ

19 اپریل 2023

نوٹ

- TEVTA / PBTE کے تحت امتحان پاس کرنے والے طلباء اس سکالرشپ کے لئے درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔
- ہاتھ سے لکھی ہوئی یا PEEF آفس براہ راست بھجوائی گئی درخواست قابل قبول نہ ہو گی۔
- دوسرے صوبوں بشمول AJK، ICT کے طلباء و طالبات درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔
- رعایتی نمبر / مارکس امپرو / Repeat کرنے والے طلباء و طالبات درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔

THE PUNJAB EDUCATIONAL ENDOWMENT FUND (PEEF)

Ali Town Station, Thokar Niaz Baig, Raiwind Road, Lahore - 53700 UAN: 042-111-11-7333(PEEF) Email: sq@peef.org.pk

Website: www.peef.org.pk www.facebook.com/The.PEEF